## تمام صوبوں کو 23 مارچ 1940ء کی قرار دادِ لاہور کی روح کے مطابق صوبائی خودمختاری دی جائے، الطاف حسین

### ایم کیوایم پاکستان سے فرسودہ جاگیردارانہ اور وڈیرانہ نظام کا خاتمہ کر کے بانیان پاکستان کے خوابوں کو شرمندہ تعبیر کرنا چاہتی ہے

### آج کے دن ہمیں یہ عہد کرنا چاہیے کہ ہم قومی سلامتی وبقاء، جمہوریت کے فروغ، ملکی استحکام، اتحاد واتفاق اور ایک دوسرے کے وجود کو برداشت کرنے کا عزم کریں، الطاف حسین کی جانب سے یوم پاکستان کی دلی مبارکباد

لندن۔۔۔23، مارچ 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ ایم کیوایم پاکستان سے فرسودہ جاگیردارانہ اور وڈیرانہ نظام کا خاتمہ کر کے بانیان پاکستان کے خوابوں کو شرمندہ تعبیر کرنا چاہتی ہے اور جب تک ملک بھر کے مظلوم عوام کو تحریک پاکستان کی جدوجہد کے مطابق ان کے جائز حقوق نہیں مل جاتے ایم کیوایم کی حق پرستانہ جدوجہد جاری رہے گی۔ یوم پاکستان کے موقع پر اپنے بیان میں جناب الطاف حسین نے تمام پاکستانیوں کو یوم پاکستان کی دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان لازوال قربانیوں اور جدوجہد کے بعد حاصل کیا گیا ہے اور ملک کے نازک ترین حالات ایک مرتبہ پھر قومی یکجہتی اور اتحاد کا تقاضا کر رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ آج کے دن ہمیں یہ عہد کرنا چاہیے کہ ہم قومی سلامتی وبقاء، جمہوریت کے فروغ، ملکی استحکام، اتحاد واتفاق اور ایک دوسرے کے وجود کو برداشت کرنے کا عزم کریں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ اتحاد میں برکت ہے اور قومی یکجہتی کو صوبائیت کے خانوں میں تقسیم کرنے سے قومی سلامتی کو سنگین خطرات لاحق ہوسکتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ملک میں ایک قوم کے تصور کو اجاگر کرنے کیلئے ضروری ہے کہ تمام صوبوں کو 23 مارچ 1940ء کی قرار دادِ لاہور کی روح کے مطابق صوبائی خودمختاری دی جائے ، پاکستان کے تمام شہریوں کو بلاامتیاز رنگ، نسل، زبان، قومیت، مسلک اور مذہب برابر کے حقوق دیئے جائیں، خواتین اور مذہبی اقلیتوں کے حقوق کا تحفظ کیا جائے اور ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمہ کیلئے عملی جدوجہد کی جائے۔

## حیدرآباد میں جونیئر اسکول ٹیچرز کی تنخواہوں کا مسئلہ حل کیا جائے۔ الطاف حسین

### محکمہ تعلیم میں بھرتی ہونے والے بیشتر اساتذہ تاحال تنخواہوں سے محروم ہیں

لندن۔۔۔23 مارچ 2009ء۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد، وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ اور صوبائی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ حیدرآباد میں جونیئر اسکول ٹیچرز کی تنخواہوں کا مسئلہ حل کیا جائے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ محکمہ تعلیم میں بھرتی ہونے والے دوسو سے زائد جونیئر اسکول ٹیچرز میں سے بیشتر اساتذہ تاحال تنخواہوں سے محروم ہیں جس کے باعث یہ اساتذہ شدید ذہنی پریشانی اور معاشی میں مبتلا ہیں۔ جناب الطاف حسین نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ ان جونیئر اسکول ٹیچرز کی تنخواہوں کا مسئلہ فی الفور حل کیا جائے اور ان اساتذہ اور ان کے خاندانوں کو ذہنی اذیت سے نجات دلائی جائے۔

## اسلام آباد میں اسپیشل برانچ کے دفتر کے سامنے خودکش دھماکے اور نوشہرہ میں پولیس لائن میں بم دھماکہ کھلی دہشت گردی ہے۔ الطاف حسین

### یوم پاکستان کے موقع پر ہونے والے یہ دھماکے کرنے والے پاکستان کے دوست نہیں بلکہ کھلے ملک دشمن ہیں

لندن۔۔۔23 مارچ 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے اسلام آباد میں اسپیشل برانچ کے دفتر کے سامنے خودکش دھماکے اور نوشہرہ میں پولیس لائن میں بم دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے اور ان واقعات کو کھلی دہشت گردی قرار دیا ہے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ یوم پاکستان کے موقع پر اسلام آباد میں اسپیشل برانچ کے دفتر میں بم دھماکہ اور نوشہرہ میں پولیس لائن میں ہونے والے یہ دھماکے کرنے والے پاکستان کے دوست نہیں بلکہ کھلے ملک دشمن ہیں اور ہر محبّ وطن پاکستانی کو دہشت گردی کے ان واقعات کی کھل کر شدید مذمت کرنی چاہیے اور دہشت گردی کے اس افریت کے خلاف متحد ہو کر آواز بلند کرنی چاہیے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ اس سے قبل بھی لاہور میں پولیس لائنز میں خودکش بم دھماکہ ہوا تھا جس میں کئی بے گناہ پولیس اہلکار نشانہ بنے تھے جبکہ صوبہ سرحد کے مختلف شہروں میں بھی پولیس اور سیکوریٹی فورسز کو بھی مسلسل نشانہ بنایا جارہا ہے جن کا سلسلہ جاری ہے۔ جناب الطاف حسین نے صدر آصف زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی اور وفاقی حکومت سے مطالبہ کیا کہ دہشت گردی کی روک تھام کیلئے اقدامات کو مزید موٴثر کیا جائے اور دہشت گردوں کو گرفتار کیا جائے۔ جناب الطاف حسین نے بم دھماکے میں پولیس اہلکار کی ہلاکت پر دلی

افسوس کا اظہار کیا اور زخمیوں سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا۔

## حق پرست منتخب نمائندوں نے لیاقت آباد میں آتشزدگی سے متاثرہ علاقے کا دورہ کیا

کراچی ۔۔۔23، مارچ 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی وصوبائی اسمبلی ڈاکٹر ندیم احسان اور ریحان ظفر نے اتوار کے روز لیاقت آباد سپر مارکیٹ میں خوفناک آتشزدگی سے متاثرہ دکانوں کا دورہ کیا اور آتشزدگی کے نتیجے میں مالی نقصان پر گہرے افسوس کا اظہار کیا ہے۔اس موقع پر لیاقت آباد ٹاؤن کے حق پرست نائب ناظم محمد ریحان صدیقی اور ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان بھی ان کے ہمراہ تھے۔اس موقع پر متاثرین نے حق پرست نمائندوں کو آتشزدگی کے واقعہ اور اس کے نتیجہ میں ہونے والے نقصانات کی تفصیلات سے آگاہ کیا۔حق پرست نمائندوں نے متاثرہ دکانداروں سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا اور انہیں تسلی دی۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم متاثرین کے غم میں برابر کی شریک ہے اور ان کے جائز حقوق کیلئے ہر سطح پر آواز بلند کرے گی۔

## کراچی میں متعین جاپان کے ڈپٹی قونصل جنرل کی رابطہ کمیٹی سے ملاقات

کراچی ۔۔۔23/مارچ 2009ء۔۔۔کراچی میں متعین جاپان کے ڈپٹی قونصل جنرل TOSHIKAZU ISOMURA نے اتوار کے روز ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد سے متصل خورشید بیگم میموریل ہال میں رابطہ کمیٹی کے رکن شاہد لطیف اور قومی اسمبلی میں ایم کیوایم کے ڈپٹی پارلیمانی لیڈر حیدر عباس رضوی سے ملاقات کی۔اس موقع پر جاپان کے ڈپٹی قونصل جنرل نے ایم کیوایم کے ذمہ داران کو ایم کیوایم کے ''سلور جوبلی'' یوم تاسیس کی مبارکباد دی۔آدھے گھنٹہ سے زائد جاری ملاقات میں ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال سمیت دیگر امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ملاقات میں دونوں جانب سے باہمی ملاقاتوں اور رابطوں پر زور دیا گیا۔اس موقع پر جاپان کے ڈپٹی قونصل جنرل نے کہا کہ ایم کیوایم نے قلیل مدت اور نامساعد حالات کے باوجود جس طرح کراچی اور شہریوں کی خدمت کی ہے وہ قابل ستائش ہے اور کراچی میں ترقیاتی منصوبے پوری دنیا کیلئے روشن مثال ہے۔معزز مہمان نے بتایا کہ انہوں نے پنجاب یونیورسٹی سے اردو زبان میں باقاعدہ تعلیم حاصل کی ہے اور وہ اردو زبان سے بہت متاثر بھی ہیں۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے ارکان نے جاپان کے ڈپٹی قونصل جنرل کا ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر خیرمقدم کیا اور انہیں ایم کیوایم کی جدوجہد کے بارے میں تفصیل سے آگاہ کیا۔بعدازاں حیدر عباس رضوی نے ڈپٹی قونصل جنرل کو ایم کیوایم کے مختلف ونگز اور شعبہ جات کا دورہ بھی کرایا۔

## ایم کیوایم ملیر سیکٹر کے شہید کارکن سید عاطف رضا شہید کے والد اور
## بدین زون کے کارکن عاشق علی کے صاحبزادے کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی ۔۔۔23، مارچ 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم ملیر سیکٹر یونٹ 99 کے شہید کارکن سید عاطف رضا شہید کے والد سید اکرام رضا اور ایم کیوایم بدین زون کڈنین یونٹ کمیٹی کے رکن عاشق علی چانڈیو کے صاحبزادے عبدالرشید کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔(آمین)

## ایم کیوایم پاکستان کو قائداعظم کے خوابوں کی تعبیر کے مطابق مضبوط ومستحکم دیکھنا چاہتی ہے۔ڈاکٹر سلیم دانش
## ایم کیوایم ایسا منصفانہ نظام قائم کرنا چاہتی ہے جس میں تمام قومیتوں کے عوام کو مساوی حقوق حاصل ہوں
## ایم کیوایم کی سلور جوبلی کے سلسلے میں لندن کے علاقے سلاؤ میں منعقدہ اجتماع سے خطاب

لندن 23 مارچ 2009ء۔۔۔ایم کیوایم برطانیہ کے آرگنائزر ڈاکٹر سلیم دانش کہا ہے کہ ایم کیوایم پاکستان کو قائداعظم محمد علی جناح کے خوابوں کی تعبیر کے مطابق مضبوط ومستحکم دیکھنا چاہتی ہے اور ملک میں ایسا منصفانہ نظام قائم کرنا چاہتی ہے جس میں تمام قومیتوں اور برادریوں کے عوام کو مساوی حقوق حاصل ہوں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایم کیوایم کی سلور جوبلی پر منائے جانے والے پانچ روزہ جشن کے سلسلے میں لندن کے علاقے سلاؤ میں منعقدہ اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ڈاکٹر سلیم دانش نے کہا کہ ایم

کیوایم ایک عوامی تحریک ہے جس کی جڑیں عوام میں ہیں، جن لوگوں نے 19 جون 1992ء کوایم کیوایم کا چیپٹر کلوز کرنے کی کوشش کی تھی قدرت نے انہیں نشان عبرت بنا دیا جبکہ ایم کیوایم نہ صرف اپنی پوری آب وتاب کے ساتھ موجود ہے بلکہ ملک کی ترقی اور خوشحالی میں اپنا بھرپور کردار ادا کررہی ہے۔قائد تحریک جناب الطاف حسین کا فکروفلسفہ آج ملک بھر میں پھیل رہا ہے اور ملک بھر کے مظلوم عوام ایم کیوایم کے پرچم تلے متحد ہورہے ہیں۔انہوں نے جلسہ میں شریک تمام افراد کو سلور جوبلی یوم تاسیس کی مبارکباد پیش کی اوراس عزم کا اعادہ کیا کہ ہم قائد تحریک جناب الطاف حسین کی رہبری ورہنمائی میں اپنی منزل ضرور حاصل کریں گے۔اجتماع سے ایم کیوایم برطانیہ کی آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین ہاشم اعظم، عبدالحلیم، سہیل خانزادہ اورسلاؤ کے یونٹ انچارج یوسف قریشی نے بھی خطاب کیا۔

☆☆☆☆☆